# Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. اچھا اونی ریشہ بنانے میں کون سے ممالک مشہور ہیں.

**Ans 1:** اچھا اونی ریشہ بنانے میں مندرجہ ذیل ممالک مشہور ہیں. 1. آسٹریلیا 2. ارجنٹینا 3. انڈیا 4. جنوبی افریقہ .

---

Q2. ریشم اور پولی ایسٹر کے کپڑے کی دھاگا توڑنے کے عمل سے شناخت تحریر کریں.

**Ans 1:** ریشم کے کپڑے کا دھاگا زیادہ زور سے ٹوٹتا ہے. سرے عمدہ اور چمکیلے ہوتے ہیں.جبکہ پولی ایسٹر کے کپڑے کا دھاگہ زور سے کھینچنے سے بھی نہیں ٹوٹتا .

---

Q3. لباس سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** لباس سے مراد ریشوں سے تیار کردہ کپڑوں سے ہے. جو جسم کو ڈھانپنے 'شخصیت کی شناخت اور سجاوٹ کے لیے استعمال ہوتے ہیں.گویا جسم کو ڈھانپنے کے لیے جو چیز بھی استعمال کی جائے وہ" لباس یا پوشاک" کہلاتی ہے

---

Q4. نمدہ کے طریقے بُنے ہوئے کپڑوں کی دو خصوصیات لکھیں.

**Ans 1:** نمدہ کے طریقے بُنے ہوئے کپڑوں کی دو خصوصیات درج ذیل ہیں. نمدہ کے طریقے بنے ہوئے کپڑے دیرپا اور مضبوط نہیں ہوتے . نمدہ کے طریقے سے بنے ہوئے کپڑوں میں لچک بالکل بھی نہیں ہوتی . مثلاً بوٹ..دستی بیگ..فلیٹ کی ٹوپیاں.

---

Q5. ریشوں کی شناخت بیان کیجئے.

**Ans 1:** پارچہ بانی میں ریشوں کی شناخت نہایت اہم ہے پارچہ بانی میںریشوں کی شناخت کےلیے درج ذیل طریقے استعمال کیے جاتے ہیں. محسوس کرنے کے عمل سے .. دھاگا توڑنے کے عمل سے جلانے کے عمل سے . خورد بین سے . کیمیاوی عمل سے

---

Q6. مارکیٹ میں موجود کپڑوں کی مختلف اقسام کے نام لکھیں.

**Ans 1:** سوئس لان 2. اصلی لان 3. جارجٹ لان 4. خالص لان 5.واش اینڈ ویئر 6.کے ٹی 7.اصل لینن.

---

Q7. سورۃ النحل کی آیت نمبر 80 میں اونی ریشہ کے متعلق کیا ارشاد ہے؟

**Ans 1:** سورۃ النحل کی آیت نمبر 80 میں اونی ریشہ کے متعلق ارشاد اس طرح کیا گیا."بنادیے بھیڑوں کی اون سے' اونٹ کی بیریوںاور بکریوں کے بالوں سے کتنے استعمال کی چیزیں"

---

Q8. پاکستان میں کن کن شہروں میں اونی ریشہ تیار کیا جاتا ہے.

**Ans 1:** پاکستان میں مندرجہ ذیل شہروں میں اونی ریشہ تیار کیا جاتا ہے. کراچی بنوں برنائی لارنس پور .

Q9. ہماری روزمرہ زندگی میں بنیادی طور پر استعمال ہونے والے پارچہ جات کی کتنی اقسام ہیں.

**Ans 1:** ہماری روزمرہ زندگی میں بنیادی طور پر استعمال ہونے والے پارچہ جات کی تین اقسام ہیں. 1.قدرتی ریشے 2.انسانی ریشے 3.کیمیاوی ریشے

Q10. ساٹن بنائی سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** بنائی میں تانے کا ایک تار اوپر اور چار نیچے رکھ کر بانے کا تار گزارا جاتا ہے اور ہر بار ان چار تاروں کے گروپ کو توڑا جاتا ہے. اس طرح بانے کا تار ایک ترچھی دھاری میں نظر آتا ہے.مگر یہ دھاری ٹویل سے مختلف ہوتی ہے اور کپڑے کے اوپر مسلسل لہریں بنتی ہیں لیکن کوئی واضح ڈیزائن نہیں ہوتا . ساٹن کی بنائی کے لیے بانے میں دھاگا کم بٹا ہوا استعمال کیا جاتا ہے. اور تانے کا دھاگا بٹا ہوا ہوتا ہے جو کپڑے کو ملائم اور ہموار بنانے میں مدد دیتا ہے.